ہیں۔ ''میڈیا دراصل وہ میدان ہے جہاں ریس لگانے سے آپ کسی کو نہیں روک سکتے۔ لیکن اگر آپ کھڑے رہے تو لوگ آپ کو روندتے ہوئے آگے بڑھ جائیں گے''۔ مصنفہ کہتی ہیں کہ ہمیں پوری قوت اور اعتماد کے ساتھ اپنے ذرائع اور وسائل کو بروے کار لاتے ہوئے اپنے عقائد اور نظریات کو پھیلانا ہوگا۔ (ر-ہ)

تعارف کتب

☆ فہم دین و اسلام، مرتب: فیروز احمد سمیع، ناشر: ادارہ ابلاغ فن و ادب، کراچی۔ پتا: تعمیر افکار، عقب بقائی ہسپتال، ناظم آباد، کراچی۔ صفحات: ۱۹۲۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ [مصنف نے اپنے حاصلِ مطالعہ کو قدرے مختلف اور نئے انداز میں مختلف عنوانات (ایمان مفصل، عقیدۂ توحید، عقیدۂ رسالت، فہم رسالت، فہم دین، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج، جہاد، شریعت) کے تحت مرتب کر دیا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ ''جس قدر نیکی سمیٹ لی جائے، بہتر ہے''۔]

☆ ماہنامہ ''القاسم''، مفتی کفایت اللہ نمبر، عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد، نوشہرہ۔ صفحات: ۲۲۸۔ جہازی سائز، قیمت: درج نہیں۔ [مولانا مفتی محمد کفایت اللہؒ (م: ۳۱ دسمبر ۱۹۵۲ء) کی حیات اور شخصیت پر الجمعیت دہلی کے خاص نمبروں کی اشاعتِ نو، مع اضافہ متعدد مضامین]

☆ اللہ ہی رب ہے، عزیز الرحمٰن کاکاخیل (مرحوم) المعروف بادشاہ۔ پتا: شمس الرحمٰن کاکاخیل، بادشاہ ہاؤس، کالج روڈ، منڈیاں، ایبٹ آباد۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: ''آپ سے کسی اجر کا خواہاں نہیں''۔ [گو کہ فہرست عنوانات میں (ایمان باللہ، قرب الٰہی، کائنات کی تخلیق، فنا باللہ المبدی والمعید، ہدہد کی گواہی وغیرہ) موجود ہے، مگر اظہار خیال فی البدیہہ خطبات مسلسل کی صورت میں کیا گیا ہے۔ گفتگو کی بنیاد قرآن حکیم ہے یا حدیث]

☆ صراط العزیز الحمید، عزیز الرحمٰن کاکاخیل (مرحوم) المعروف بادشاہ۔ پتا: شمس الرحمٰن کاکاخیل، بادشاہ ہاؤس، کالج روڈ، منڈیاں، ایبٹ آباد۔ صفحات: ۳۰۸۔ قیمت: ''آپ سے کسی اجر کا خواہاں نہیں''۔ [''قرآن مجید، کتب احادیث اور علماے کرام کی تصانیف سے چناؤ...... مختلف پھولوں سے...... رس چوس کر شہد تیار'' کیا گیا ہے۔ عنوانات: توبہ، کلمہ طیبہ، شرک، حلال و حرام، نماز، زکوٰۃ، روزہ، حج، سود، تقویٰ، رزق، اخلاقیات وغیرہ]

☆ پاکیزہ خیال اور تعمیر افکار، فیروز احمد سمیع۔ ناشر: ادارہ ابلاغ فن و ادب، پتا: مکتبہ تعمیر افکار، عقب بقائی ہسپتال، ناظم آباد، کراچی۔ صفحات: ۲۴۷۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [مختلف موضوعات (فریضہ اقامت دین، نظام معیشت، معاشرتی زندگی، اخلاقی نظریہ، بنیادی حقوق، سیاسی نظریہ، دعوت و حکمت، داعی حق، دین کی تعبیر، تعلق باللہ وغیرہ) پر مختلف کتابوں سے اخذ کردہ مولف کا حاصل مطالعہ، آسان اور عام فہم انداز]

☆ سنت کی حیثیت اور رہنما حدیثیں، مرتب: فیروز احمد سمیع۔ ناشر: ادارہ ابلاغ فن و ادب۔ کراچی۔ پتا: مکتبہ تعمیر افکار، عقب بقائی ہسپتال، ناظم آباد، کراچی۔ صفحات: ۱۹۲۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ [احادیث (متن + ترجمہ + مختصر تشریح) کا ایک انتخاب راہ عمل اور زادِ راہ جیسے مجموعوں کے بعض حصوں کی عکسی نقل شامل کی گئی ہے۔ ابتدا میں ''سنت اور منکرین حدیث''، ''سنت کی حفاظت'' اور احادیث نبویؐ کے بارے میں تعارفی معلومات --- عمومی مطالعے کے لیے مفید تربیتی کتاب]